| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اصطلاحات موسم اور آب و ہوا میں فرق کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے اور کیوں؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 65 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو ''موسم'' اور ''آب و ہوا'' کا فرق بتائیں۔
- تختہ تحریر پر موسم اور آب و ہوا کی ہیڈ نگ لکھیں۔ ان ہیڈ نگ کے نیچے الگ الگ کر کے لکھیں کہ موسم سے مراد مخصوص وقت میں کسی جگہ کی فضائی کیفیت ہے۔ جبکہ آب و ہوا لمبے عرصے کے دوران اوسط موسمی کیفیت ہے۔
- طلبہ کو بتائیں موسم ہر روز اور ہر لمحہ تبدیل ہوتا ہے صبح سے شام تک موسم میں نمایاں فرق نظر آتا ہے مثلاً گر دن کے وقت کسی جگہ شدید گرمی کا موسم ہوا اور وہاں شام تک بارش ہو جائے تو موسم خوش گوار ہو جاتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ موسم اور ان میں تبدیلی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے ہمیں اللہ تعالیٰ کی ان عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

## اعادہ 3 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

## جائزہ: 5 منٹ

طلبہ سے سوالات پوچھیں:

- موسم اور آب و ہوا میں کیا فرق ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 1 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- موسم اور آب و ہوا میں کیا فرق ہے۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 66 سے متن پڑھوائیں۔ اس دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ موسم اور آب و ہوا پر کون سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر ان عوامل کے نام لکھیں۔
  - خط استوا سے فاصلہ
  - سطح سمندر سے بلندی
  - بحری روئیں
  - ہواؤں کا رُخ
- طلبہ کو ''خط استوا'' کا مطلب بتائیں کہ آج وہ ان عوامل میں سے خط استوا سے فاصلہ سمندر سے بلندی کے بارے میں پڑھیں گے۔
- ایک گلوب لیں اور ایک لیمپ یا ٹارچ روشن کریں۔ لیمپ یا ٹارچ کی روشنی گلوب پر ڈالیں۔ ان سے ''خط استوا'' اور ''قطبین'' کے درمیان درجہ حرارت میں فرق محسوس کرنے کو کہیں۔ ان سے کہیں کہ مشاہدہ کرتے ہوئے بتائیں کہ گلوب کے سامنے والے حصے (خط استوا) پر گرمی کی شدت زیادہ ہو گی یا قطبین کی طرف۔

- انھیں بتائیں کہ خطِ استوا کے قریب کے علاقوں میں سورج کی براہِ راست شعاعیں پڑتی ہیں لہٰذا یہ شعاعیں خطِ استوا پر یا اس کے آس پاس کے علاقوں کو گرم کرتی ہیں۔ خطِ استوا سے دور کے علاقوں میں سورج کی ترچھی شعاعیں آتی ہیں لہٰذا جب ہم خطِ استوا سے دور ہوتے ہیں تو درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں کہ سطحِ سمندر سے بلندی بھی آب و ہوا کے بدلنے کا ایک عنصر ہے۔ جیسے جیسے ہم بلندی کی طرف جائیں درجہ حرارت کم ہوتا جاتا ہے۔ یہ پہاڑی علاقے سطحِ سمندر سے بلندی پر ہوتے ہیں اس لیے وہاں درجہ حرارت میدانی علاقوں کی نسبت کم ہوتا ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 5منٹ

طلبہ سے زبانی سوالات پوچھیں:

- موسم اور آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل (خطِ استوا سے فاصلہ، بلندی) کے بارے میں بتائیں۔
- بادلوں سے گھرے ہوئے علاقوں کا درجہ حرارت کیوں کم ہوتا ہے؟
- ہواؤں کا رخ موسم اور آب و ہوا کو کیسے تبدیل کرتا ہے؟
- بحری رو سے کیا مراد ہے؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

کتاب کے صفحہ نمبر 73 سے سوال نمبر 3 ''سوالات کے جواب دیں (۲)'' کاپی میں تحریر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ♦ آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ♦ موسم اور آب و ہوا میں کیا فرق ہے۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 67 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل میں بحری روئیں اور ہواؤں کا رُخ بھی شامل ہے۔
- تختہ تحریر پر بحری کا مطلب لکھیں۔ بحری رو سے مراد سمندر میں پانی کا مسلسل بہاؤ ہے۔
- انھیں بتائیں یہ بحری روئیں درجہ حرارت کی تبدیلی کا باعث بنتی ہیں۔
- یہ دو طرح کی ہوتی ہیں۔ (1) بحری روئیں (2) سرد روئیں
- طلبہ کو بتائیں گرم علاقوں سے آنے والی ہوائیں کسی علاقے کے درجہ حرارت میں اضافہ کرتی ہیں، جب کہ سرد علاقوں سے آنے والی ہواؤں سے درجہ حرارت میں کمی آتی ہے۔ عام طور پر سمندر سے آنے والی ہوائیں تجارت سے بھرپور ہوتی ہیں جو بعض اوقات بارش برسانے کا باعث بنتی ہیں۔

**اعادہ** 3 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 5 منٹ

طلبہ سے زبانی سوالات پوچھیں:

- موسم اور آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل (خط استوا سے فاصلہ، بلندی) کے بارے میں بتائیں۔
- بادلوں سے گھرے ہوئے علاقوں کا درجہ حرارت کیوں کم ہوتا ہے؟
- ہواؤں کا رخ موسم اور آب و ہوا کو کیسے تبدیل کرتا ہے؟
- بحری رو سے کیا مراد ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

کتاب کے صفحہ نمبر 73 سے سوال نمبر 3 ''سوالات کے جواب دیں (۲)'' کاپی میں تحریر کریں۔